**الیکشن کمیشن آف پاکستان**
**شعبہ تعلقات عامہ**
**پریس ریلیز**

**مورخہ 17 اگست 2020ء**

## الیکشن کمیشن آف پاکستان ۔ کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم

الیکشن کمیشن آف پاکستان اور پبلک کے مابین رابطے کو بہتر اور آسان بنانے کے لئے الیکشن کمیشن نے کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم (CMS) شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے ۔ اس سلسلے میں چیف الیکشن کمشنر کو CMS کے حوالے سے بریف کیا گیا اور ڈیمو دیا گیا ۔ CMS کے ذریعے الیکشن کمیشن آف پاکستان کے حوالے سے شکایات کو الیکٹرانک ذریعے سے رجسٹر کروایا جاسکے گا ۔ CMS کے ذریعے شکایات کے حل کے حوالے سے نظام کو موثر بنایا جا سکے گا ۔ اس سسٹم کے ذریعے شکایات کنندہ اپنی شکایت کے حل کے حوالے سے ٹریکنگ بھی رکھ پائے گا۔

چیف الیکشن کمشنر نے ہدایات دیں کہ اس سسٹم کو مزید موثر اور جامع بنایا جائے اور فوراً شروع کر دیا جائے۔

****************